22871 ـ اللہ تعالی کے فرمان { ولہ المثل الاعلی } کا معنی

سوال

اللہ تعالی کا فرمان ہے ولہ المثل الاعلی فی السماوات والارض کیا المثل تشبیہ کے معنی میں ہے ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

والصلاۃ والسلام علی رسول اللہ وبعد :

المثل الاعلی یا معنی ہروجہ اوراعتبار سے وصف اعلی ہے ، وہ اللہ سبحانہ وتعالی ہراعتبارسے صفات کمال سےموصوف ہے جیسا کہ اللہ سبحانہ وتعالی کے ارشاد کا ترجمہ کچھ اس طرح ہے :

اس کی مثل کوئ نہیں اوروہ سننےاوردیکھنے والا ہے الشوری (11)۔

اوراللہ تبارک وتعالی کافرمان کچھ اس طرح ہے :

آپ کہہ دیجئے کہ وہ اللہ ایک ہی ہے ، اللہ تعالی بے نیاز ہے ، نہ اس سے کوئ پیداہوا اور نہ وہ کسی سے پیدا ہوا ، اور نہ ہی اس کا کوئ ہمسر ہے الاخلاص (1 ـ 4) ۔

اوراللہ تعالی ہی توفیق بخشنے والا ہے .